2 اکتوبر 2019

حکومت ہند

وزارت انسانی وسائل ترقی

# سوچھ کیمپس

## اعلیٰ تعلیمی اداروں کی صفائی رینکنگ کے لئے دستور العمل

Where there is Rural Wellbeing
there is Universal Prosperity

مہاتما گاندھی نیشنل کونسل آف رورل ایجوکیشن

सत्यमेव जयते

सूचना का अधिकार


भारत सरकार
मानव संसाधन विकास मंत्रालय
उच्चतर शिक्षा विभाग
शास्त्री भवन
नई दिल्ली – 110 115
GOVERNMENT OF INDIA
MINISTRY OF HUMAN RESOURCE DEVELOPMENT
DEPARTMENT OF HIGHER EDUCATION
SHASTRI BHAVAN
NEW DELHI-110 115

**V.L.V.S.S. Subba Rao**
**Senior Economic Adviser**

# تمہید

حکومت کی ترجیحات کو دھیان میں رکھتے ہوئے، وزارت ترقی انسانی وسائل، ملک میں کارگزار تعلیمی اداروں کے کام کاج کے ایک غیرمنقسم حصہ کے طور پر صفائی کو ادارہ جاتی بنانے کا کام کر رہا ہے۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں سے یہ توقع کی جائے گی کہ وہ اپنی وسیع رسائی اور اطلاع کی بنیاد پر ملک میں صفائی تحریک کی ایک روپ ریکھا طے کریں۔

صفائی درجہ بندی (رینکنگ) کا آغاز پہلی بار سال 2017 میں شروع کیا گیا تھا،جس کا مقصد تعلیمی اداروں کے درمیان بہتر معاون اداروں کے ذریعے ایک بہتری کا ماحول پیدا کرنا تھا (انگریزی میں جس کو پئر پریسر کہتے ہیں)،تاکہ وہ خود کو ' سوچھ کیمپس ' میں تبدیل کر سکیں۔اس کے بعد یہ ادارہ منتخب بستیوں اور علاقوں میں جاکر صفائی کی بیداری اور صلاحیت کی توسیع کر سکیں۔اس قواعد کا مقصد اعلیٰ تعلیمی ماحول کو تیار کرنا ہے،جس میں ابتدائی طور پر کیمپس کی صفائی کرنے کی سمت میں ادارہ خود احتسابی کر سکیں اور صفائی کی تشخیص کر سکیں،جس سے صفائی میں بلند بینچمارک کو حاصل کیا جا سکے۔

سال 2017 میں،یہ قواعد صفائی کے کچھ بنیادی معیارات تک ہی محدود تھی،جیسا-طالب علم بیت الخلا تناسب،پانی کی دستیابی اور پاکیزگی،ہاسٹل کے باورچی خانہ کی صفائی،کچرے کا باربار تصفیہ کرنا اور اس کی تکنیک اپنانا،کیمپس میں ہریالی بنائے رکھنا وغیرہ۔ اب ایک ایسا زیادہ بہتر اور معیار مبنی تشخیص کا خاکہ (ئویلیوئیشن فریم ورک)تیار کیا گیا،جس میں سبز کیمپس،پانی کا استعمال اور آبی تحفظ،شمسی توانائی اور ایسے دیگر پہلو ہیں،جن سے کیمپس میں وسائل کے استعمال استعداد پر سیدھا اثر پڑتا ہے۔ اعلیٰ تعلیمی کیمپس سے یہ امید کی جائے گی کہ وہ اب اپنے روزانہ کام کاج میں،ماحولیاتی توازن کے مختلف عامل کے مطابق خود کو بدل کر ماحولیاتی رکاوٹ پائیں اور ایک بہترین مثال پیش کریں۔ سوچھ کیمپس سے متعلق یہ معیار جاری عمل (ایس۔او۔پی مینوئل)اداروں کے لئے ایک مثالی دستاویز ہے،جس کو آہستہ آہستہ اداروں کو اپنانا اور نافذ کرنا ہوگا،کیونکہ صفائی درجہ بندی (رینکنگ)2019 انہی معیارات اور نمونہ کی بنیاد پر طے کئے جائیں گے۔

Subba Rao.
**V.L.V.S.S. SUBBA RAO**

शिक्षा का अधिकार
सर्व शिक्षा अभियान
सब पढ़े सब बढ़े

# سوچھ کیمپس


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | 05 |
| اعتراف | 06 |
| تعارف | 07 |
| سوچھ کیمپس کیوں؟ | 09 |
| اسے کس کو کرنا چاہئیے | 10 |
| اعلیٰ تعلیمی ادارہ اور یونیورسٹی اس کو کیسے کر سکتے ہیں | 11 |
| تمام اعلیٰ تعلیمی ادارے یا یونیورسٹی کیا کر سکتے ہیں؟ | 12 |
| گرین کیمپس کے لئے بڑے پیمانے پر تنقیدی تاثرات حاصل کرنا | 13 |
| چراغ سے چراغ جلاتے چلو | 15 |
| ہمیں یہ سب کیسے کرنا چاہئیے؟ | 16 |
| دوسرے اداروں اور ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری | 20 |
| سوچھ پالیسی کو ادارہ جاتی بنانا | 22 |
| عملی منصوبہ | 23 |
| عوامی رابطہ | 33 |
| صفائی اور صحت | 34 |
| بیکار انتظام | 35 |
| آبی تحفظ | 40 |
| ہریالی | 46 |
| حفظان توانائی | 48 |
| سرکاری پروگراموں میں عوام کی شراکت داری | 55 |
| ماحولیات سے متعلق اہم دنوں کا انعقاد کرنا | 56 |
| سوچھ بھارت-ایک قومی آرزو | 59 |
| سوچھ کیمپس اسکورکارڈ | 60 |
| کیس اسٹڈیز | 105 |

# پیش لفظ

صفائی فطری ہے۔ انسان، جانور، پودے اور تمام جاندار صاف جگہوں پر پروان چڑھتے ہیں۔ انسان کی تخلیق کردہ دنیا میں بیکار ہی واحد غلط وسیلہ ہے۔ ایک فطری دنیا میں، ایک مخلوق کا بیکار دوسری مخلوق کا وسیلہ ہے۔ اس طرح، ایک ملبہ، ماحولیاتی نظام کی پرورش و پرداخت کے لئے وسائل کو ری سائیکل کرتا ہے۔ بدقسمتی سے، جدید سماج نے بہت سارے غیرفطری مادے پیدا کئے ہیں، جن کی صفائی کے لئے فطرت فوری طور پر مدد فراہم نہیں کرسکتی۔ وہ کوشش تو کرتی ہے، لیکن اس کو مشقت کرنی پڑتی ہے۔ انسان سے پیدا گندگی کو صاف کرنے کے لئے، ہمیں انسان کی تعمیرکردہ صفائی سائیکل کی ضرورت ہے۔ عوامی وسائل کے غلط استعمال کے سلسلے میں عام شہریوں کا المیہ بھی ہے چاہے وہ آبی ذخائر ہوں یا جنگلات ہوں یا کھیل کے میدان ہوں یا پارک ہوں یا سمندر کے کنارے ہوں یا دریا کے کنارے یا کیمپس کے علاقے ہوں۔جہاں ملکیت ہو خواہ وہ عوامی ہو یا ذاتی۔ وہاں اس جگہ کو صاف رکھنے کا عہد کیا جاتا ہے۔اس ملکیت اور جوابدہی کو رسمی اداروں میں مرتب کیا جانا ہے۔ اسی تناظر میں ایک دستورالعمل کی ضرورت ہے۔

**ٹکنالوجی**

ہر ٹکنالوجی کی اپنی ضمنی مصنوعات ہوتی ہے اور ٹکنالوجی کا ڈیولپر ایک مدت کے دوران ان ضمنی مصنوعات کے تصفیہ کے لئے ایک طریق کار تیار کرتاہے۔ لیکن صارف ان ضمنی مصنوعات یا کچرے کو نہیں سنبھال سکتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ مصنوعات تیار کرنے والے پر ایک وسیع ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور یہ ذمہ داری کسی مصنوعات کی زندگی کے آخر تک طے ہوتی ہے۔ یہ روایت آہستہ آہستہ بڑی مصنوعات میں بڑھ رہی ہے۔ لیکن پاؤچ یا پلاسٹک کے پیکیٹ جیسی چھوٹی مصنوعات کے معاملوں میں ایسا کرنا مشکل ہے۔ کیونکہ یہاں پر صارف خود مصنوعات کے استعمال اور اس کے کچرے کے تصفیہ کے لئے ذمہ دار ہے۔

**سوچھ کیمپس**

حکومت ہند کی جانب سے "سوچھ بھارت "مہم 365/7/24 کا آغاز کمیونٹی اور لوگوں میں صفائی کے جذبے کو پیدا کرنے صفائی کو برقرار رکھنے اور صفائی نظام کی تشکیل کرنے کے لئے کیا گیا تھا۔ تعلیمی اداروں کے کیمپس میں بیکار صحت مرکز، بیکار فرنیچر، بیکار عمارت، بیکار اشیائے خوردنی، بیکار کچن، بیکار لیب، بیکار دفتر اور بیکار ہاسٹل جیسے مختلف اورسخت قسم کے فضولیات ہوتے ہیں۔ کیمپس ایک چھوٹی کمیونٹی ہے۔ یہ ایک چھوٹا گاؤں ہے۔ تعلیمی اداروں کے کیمپس میں رہنے والے وہاں سیکھنے کے لئے رہتے ہیں اور اسی وجہ سے ان میں صفائی کی عادات پیدا کرنا ان تعلیمی اداروں کا فرض ہے۔عادت پیدا کرنا تجربہ اور مشق کے ذریعہ ممکن ہے۔

**معیاری آپریٹنگ طریقہ کار سے متعلق ایک دستورالعمل**

معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (ایس او پی) دستور العمل افراد کی ذمہ داری کی نشاندہی کرتا ہے اور کچرے کے انتظام کے عمل کی نشاندہی کرتا ہے۔ سوچھ کیمپس سے متعلق یہ ایس او پی دستور العمل، کیمپس میں صفائی کو فروغ دینے اور کیمپس کی مسلسل نگرانی اور عملی طور پر صاف رکھنے کی ذمہ داری کو قبول کرنے کی روایت کو فروغ دینے اور اس کام کی تائید کرنے کے لئے ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ جب طلبا اپنے گھر پہنچیں گے تو گھر میں خود سے اور پڑوسیوں سے ہی ہماری عملی توقعات شکل لیں گے اور اس کے مطابق اس میں ترمیم بھی ہوگی۔ سوچھ کیمپس اقدام سے نہ صرف کمیونٹی حفظان صحت بلکہ 6،55،000 سے زیادہ گاؤں میں عوام کی صحت کو بھی فروغ دیتا ہے۔ یہ طلبا بعد میں اپنے گھر، محلے اور کام کی جگہوں کو متاثر کرتے ہیں۔ اسی تناظر میں، مہاتما گاندھی نیشنل کونسل آف رورل ایجوکیشن (ایم جی این سی آر ای) کے ذریعہ، وزارت انسانی وسائل ترقی، حکومت ہند کے محکمہ اعلیٰ تعلیم کی سفارش پر سوچھ ایس او پی دستور العمل تیار کیا گیا ہے۔

**ڈاکٹر ڈبلیو جی پرسنّا کمار**

**چیئرمین، ایم۔ جی۔ این۔ سی۔ آر۔ ای۔**

# اعتراف

"آنو بھدرا: کرتووینتو وشوتہ: (تمام سمتوں سے عظیم خیالات کو ہمارے پاس آنے دیں۔)"

- 1-89-1، رگوید

## قیادت

یہ دستورالعمل، جس میں اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجر (ایس او پی) شامل ہے، ذاتی ادارہ جاتی کی شرائط کے مطابق ہندوستان بھر میں یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں (ایچ ای آئی) کے ذریعہ آسانی سے اپنانے اور کامیاب مطابقت کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ دستورالعمل سری آر سبراہمنیم آئی اے ایس سکریٹری ہائر ایجوکیشن ایم ایچ آر ڈی کی بڑی حوصلہ افزائی نیز سری وی ایل وی ایس ایس سبّا راؤ، سینئر ایڈوائزر ہائر ایجوکیشن ایم ایچ آر ڈی کی مستقل دلچسپی، مشورہ اور تعاون کا نتیجہ ہے۔

## مشاورت

یہ 25-26 جون، 2018 کے دوران، حیدرآباد میں مہاتما گاندھی نیشنل رورل ایجوکیشن (ایم جی این سی آر ای) کے ذریعہ منعقد دو روزہ عملی ورکشاپ میں زیر بحث اور تنقیدی آرا کے ایک مسودہ پر مبنی ہے۔ اس ورکشاپ میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی، سینٹرل یونیورسیٹیز اور اسٹیٹ یونیورسیٹیز کے اہم فیکلٹی ممبران شامل تھے۔اس میں طلبا رضاکاروں کی تربیتکی تجویز ہے جو گرین کیمپس بنانے کی قومی کوشش میں اپنا تعاون کرنے کے خواہاں ہیں۔

## مشاورتی ٹیم

اس سلسلے میں، ایم جی این سی آر ای حیرت انگیز خیالات کے نتیجہ خیز تبادلہ کے لئے، ہریانہ سینٹرل یونیورسٹی کے ڈاکٹر دنیش چہل، سینٹرل یونیورسٹی آف تمل ناڈو کی ڈاکٹر آر پرمیلا، بنارس ہندو یونیورسٹی کے پروفیسر پی۔کے۔ شرما، راجیو گاندھی یونیورسٹی، اروناچل پردیش کے ڈاکٹر وویک سنگھ، سینٹرل یونیورسٹی آف کیرالہ کے ڈاکٹر افتخار احمد، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی، اگرتلا کے شری انوپم پال، این آئی ٹی درگاپور کے ایس۔ کے۔ رائے، این آئی ٹی درگاپور کے ڈاکٹر ہیروک چؤدھری، این آئی ٹی رائے پور چھتّیس گڑھ کے ڈاکٹر گووردھن بھٹّ، ایس۔ وی۔ این۔ آئی۔ ٹی۔ سورت کے پروفیسر اے۔ جے۔ ساہا، این آئی ٹی پڈوچیری کی ڈاکٹر امریتھا بھیڑے، این آئی ٹی تیلنگانہ کے ڈاکٹر پی وینکٹیشوارا راؤ، انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی رورکی کی ڈاکٹر اسمیتا جھا، اور انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی بھونیشور کے ڈاکٹر اسنیہاشیش چوہدری کا شکر گزار ہے۔

## داخلی ٹیم

ایم جی این سی آر ای کی جن فیکلٹی اور ٹیم ممبروں نے ورکشاپ کی کارروائیوں اور اس کے نتائج کی بنیاد پر اس سوچھ کیمپس ایس او پی دستورالعمل کو تیار کیا ہے اس میں مرلی راما سوامی، ارچنا ورن، پدما جے، ارچنا سونٹی، انسو یا وی، ڈاکٹر کے این ریکھا، ڈاکٹر ڈی این داش اسسٹنٹ ڈائریکٹر، میجر شیو کرن اور جی وانی جگدیشوری شامل ہیں۔

# تعارف

"زمین ہرایک انسان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کافی ہے، لیکن ہرایک انسان کے لالچ کو پورا کرنے کے لئے کافی نہیں ہے۔"

- مہاتما گاندھی

## ایک سوچھ کیمپس کا طریق کار

اسکول، کالج یا یونیورسٹی میں ایک سبز کیمپس کا ہونا اب محض فیشن نہیں ہے۔ بلکہ ہندوستان اور دوسرے کئی ترقی پذیر ممالک میں ایک واضح منشور ہے، جہاں ماحولیات سے متعلق بیداری میں دن بہ دن اضافہ ہو رہا ہے۔ آسان الفاظ میں، ایک سبز کیمپس کا مقصد ماحولیاتی بیداری اور اس سے وابستہ طرز عمل کو اسکول، کالج یا یونیورسٹی میں انتظامیہ، تعلیم اور درس و تدریس کے فرائض انجام دینے والوں کی زندگی کا ایک لازمی جزو بنانا ہے۔

یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق- " ایک سبز کیمپس ایک اعلی تعلیمی کمیونٹی ہے جہاں زیادہ سے زیادہ زمین کا استعمال، ماحولیاتی منصوبہ بندی اور وسائل کا انتظام ہے، مثلا توانائی کی کارکردگی کو بہتر بنانا، وسائل کے تحفظ، ماحولیاتی معیار کو بڑھانا جس میں رہائش گاہ کا تحفظ، صحت مند رہائشی ماحول، قابل تجدید توانائی کا استعمال اور ضائع ہونے اور پانی کی ری سائیکلنگ کا انتظام شامل ہے۔ کیمپس کے اندر کی عمارتیں ہرممکن حدتک گرین بلڈنگ اصول پر مبنی ہونی چاہئیے۔ "

## سبز اقدام

اعلیٰ تعلیمی اداروں (ایچ ای آئی) اور یونیورسٹیوں میں حکومت ہند کی وزارت انسانی وسائل ترقی (ایم ایچ آر ڈی) کے محکمہ اعلی تعلیم کے زیر اہتمام، سوچھ کیمپس اقدام، سبز اداروں کے اصولوں کا آئینہ دار ہے اور صفائی سے متعلق ذمہ دارانہ رویہ پیدا کرنے، عادات اور دیرپا وابستگی، چاہے گھر پر ہو، کیمپس میں یا وسیع تر سماج میں، اس کی ترقی کے لئے کلاس روم سے باہر تعلیم کو فروغ دیا جائے۔

**ٹیم**

مثالی اداروں کے بہترین صاف اور سبز طرز عمل کے قلیل مدتی مطالعے کو گائیڈ پوسٹ کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ان طریقوں میں شامل ہیں۔صفائی اور حفظان صحت، بے کار انتظام، آبی انتظام، سبز علاقہ اور توانائی کے تحفظ،اس مشاورت اور پائلٹ مطالعات میں تعلیم کے تکنیکی اور غیر تکنیکی دونوں شعبوں کی نمائندگی کرنے والے، کل 25 ادارے شامل تھے۔

ایم جی این سی آر ای نے اس اقدام کے لئے رہنما اصول تیار کرنے کے لئے ایک بنیادی ورک گروپ تشکیل دی ہے۔اہم مداخلتوں کے مجموعہ کی نشاندہی کے لئے ماہرین سے مشورہ کیا گیا ہے جس کا استعمال ضرورت کی بنیاد پر اعلیٰ تعلیمی اداروں اور یونیورسٹیوں کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔

ماحولیات- ہمیں یہ اپنے " آباواجداد سے وراثت میں نہیں ملا ہے! ہم نے اس کو اپنے بچّوں سے ادھار لیا " ہے۔

*ایک امریکی عوامی - کہاوت*



# سوچھ کیمپس کیوں؟

ہمارے کیمپس کی طویل مدتی ترقی میں آس پاس کے ماحول پر ہمارے کیمپس کے اثرات کو کم کرنے کے علاوہ بھی بہت کچھ شامل ہے۔ ہمیں ایک مضبوط کمیونٹی کی تعمیر کے لئے کوشش کرنی ہوگی جو ہمارے پورٹلز سے گزرنے والے تمام لوگوں کی فلاح و بہبود کی حمایت کرتی ہے، یہاں تک کہ جب ہم تحقیق و تدریس کے اپنے وسیع مشنوں میں مصروف ہوں۔




**کیمپس کی کوشش**

وسیع سوچھ بھارت مشن کے تحت " سوچھ " کیمپس کی وقار بخش سبز حیثیت حاصل کرنے کے لئے کیمپس میں ماحولیات کو متاثر کرنے والے ایک یا ایک سے زیادہ علاقوں میں ایک کے بعد ایک یا پھر ایک ساتھ مطالعے کی اور متفقہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ اس کوشش کا آفاقی مقصد سوچھتا ہے۔ اس سے قطع نظر جو بھی قدم ہر کیمپس میں اٹھائے جائیں۔

**دنیا بھر میں**

دنیا بھر میں، یہ رواج ہے کہ دیگر چیزوں کے علاوہ، مقامی طور پر سائیکل سے چلنا، پانی کا ذخیرہ کرنا، کیمپس کو ماحولیاتی طور پر پائیدار، سبز اور حیاتیاتی تنوع اور شمسی توانائی سے خود کو پائیدار بنانا ہے۔ بھارت بھی اس دوڑ میں شامل ہے۔ ہمارے پاس کرنے کے لئے بہت کچھ ہے۔ ابھی!

# یہ سب کس کو کرنا ہوگا؟

ہمارے کیمپس اور آس پاس کے ہر فرد کو یہ کرنا چاہئے----- ہاں ہر کسی کو کرنا چاہئیے۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں کا یہ بنیادی فرض ہے کہ وہ اپنی طاقت کے زور پر ہماری کمیونٹی پر طویل مدتی اثر ڈالیں اور ہمارے کیمپس کو پائیدار بنانے میں معاون بنیں۔ اس کے لئے، ہمارے پاس محققین، دانشورانہ سرمایہ اور وقف کردہ غیر معمولی وسائل کا ایک بہت بڑا ذخیرہ ہے۔



**ایک چو طرفہ پہل**

سوچھ کیمپس پہل ایک پان-انڈیا کوشش ہے۔یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یو جی سی) کے مطابق، ہندوستان میں 822 یونیورسٹیاں ہیں، جن میں 47 مرکزی یونیورسٹی، 370 ریاستی یونیورسٹی، 123 ڈیمڈ یونیورسٹی اور 282 نجی یونیورسٹیاں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، 23 آئی آئی ٹی، 31 این آئی ٹی، 23 آئی آئی ٹی، 7 آئی آئی ایس ای آر، 7 ایمس، 7 این آئی پی ای آر، 3 ایس پی اے اور قومی اہمیت کے حامل 25 دیگر ادارے ہیں۔ اس کے علاوہ، ہمارے پاس ایگریکلچر، ہرٹیکلچر اور ویٹنری یونیورسٹیوں سے متعلق 100 سے زیادہ ادارے ہیں، جو انڈین کونسل آف ایگریکلچر ریسرچ (آئی سی اے آر) کے ذریعے منضبط اور زیر انتظام ہیں۔ ان تمام یونیورسٹیوں اور اداروں میں بہت بڑا کیمپس اور فیکلٹی ممبران اور طلبہ کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔کیمپس ہیں اور بڑی تعداد میں فیکلٹی ممبرز اور طلبہ ہیں۔ اس کے علاوہ، ملک بھر کے ہزاروں اعلیٰ تعلیمی اداروں کو سوچھ کیمپس میں بدلنے کی ضرورت ہے۔ سوچھ کیمپس پہل ان تمام اداروں میں نافذ ہوتی ہے۔

# اعلی تعلیمی ادارے اور یونیورسٹیاں یہ کیسے کرسکتے ہیں۔

اعلی تعلیمی اداروں (ایچ ای آئی) کو اپنے تمام داخلی امور میں وسیع خودمختاری حاصل ہے۔ وہ عملی طور پر زیادہ تر دن کے ضوابط سے اچھوتے رہتے ہیں جو عام شہریوں، کاروباری اداروں، صنعتوں اور دیگر پر سخت نگرانی اور جوابدہی کے تحت نافذ ہوتا ہے۔ یہ اعزاز، جامعات کو بطور وائس چانسلر / سربراہ کے طور پر ملا ہے، جو نظام کی آخری اتھارٹی کی حیثیت سے صدارت کر رہا ہے، یہ 'سوچھ کیمپس' کے لئے اسپرنگ بورڈ ہے۔ اب چونکہ سوچھ کیمپس کا تصور ہر ایک کے شعور میں بیٹھ چکا ہے، اساتذہ، عملہ اور طلباء کے ذریعہ اعلی تعلیمی اداروں کی فیکلٹی کے ذریعہ کسی حد تک کوشش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ صفائی ہماری فطری عادت بن جائے۔



# اعلی تعلیمی ادارے یا یونیورسٹیاں کیا کر سکتی ہیں؟

i) طلبہ، فیکلٹی اور کیمپس کی سطح پر کیمپس قائدین کے مابین ایک صاف اور سبز کیمپس کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر اتفاق رائے پیدا کرنا۔

ii) بین الاقوامی معیارات اور منظور شدہ اصولوں پر عمل کرکے کیمپس کو صاف اور سبز بنانے کے لئے مخصوص مداخلت کے ڈیزائن کو آسان بنانا۔

iii) شراکت دار اور شفاف انداز میں کیمپس کی موجودہ ماحولیاتی کارکردگی کی نگرانی کرنا۔

iv) کیمپس کو صاف ستھرا اور سبز بنانے کے لئے ایک مرحلہ وار گائیڈ پیش کرنا۔

v) کیمپس میں اختیار کردہ بہترین سوچھ کے طریقوں کے بارے میں مخصوص مطالعات کا انعقاد کرنا جو دوسرے اداروں کے لئے ماڈل کا کام کر سکیں۔

# سبز کیمپس کے لئے بڑے پیمانے پر تنقیدی تاثرات حاصل کرنا

- اہم مستفیدوں کے ساتھ ادارہ جاتی قیادت میں بنی ایک کور ٹیم کی تشکیل کی جا سکتی ہے۔ یہ ٹیم " سوچھ کور ٹیم " کے طور پر کام کرے گی۔
- یہ ٹیم حقائق کی تلاش، منصوبہ بندی، ایکشن لینے اور ریکارڈنگ کے تمام پہلوؤں میں شامل ہوگی۔ اس میں طلبہ کی ٹیمیں، ان کی فیکلٹی کے علاوہ متعلقہ انتظامی افسران بھی شامل ہوں گے۔
- ایک یا دو خواہش مند یا ماحولیات دوست فیکلٹی ممبروں کو اپنے-اپنے شعبہ جات میں سوچھ مہم چلانے کی ذمہ داری دی جا سکتی ہے۔ اب سے ' سوچھ فیکلٹی ' کے نام سے جانی جانے والی یہ ٹیم، اپنے اپنے شعبہ جات سے حوصلہ مند طلبہ گروپوں کا انتخاب کرے گی، جو یہاں ' سوچھ طلبہ ٹیم' کے نام سے کور مہم ٹیم کا حصہ ہوں گے۔
- سوچھ فیکلٹی اور سوچھ طلباء ٹیم سوچھ مانیٹرس کا کام کرتے ہیں۔
- سوچھ مانیٹرس، سوچھ مہم میں دلچسپی رکھنے والی سوچھ انتظامیہ ٹیم کو رپورٹ کریں گے۔ سوچھ انتظامیہ ٹیم میں اکاؤنٹ، انتظامیہ اور دیکھ بھال ڈویژن کے نمائندے ہوں گے۔
- یہ پورا پروگرام ایک نامزد اتھارٹی کی ہدایت پر چلے گا جو تبدیلی لانے کے لئے پالیسیاں، اصول اور ہدایات مرتب کرے گا۔
- پڑوسی کالجوں / یونیورسٹیوں سے بیرونی سوچھ ٹیم کے ممبروں کی شناخت کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ باقاعدہ وقفے پر ترقی کی نگرانی کرتے ہیں اور یکساں تجزیہ کرتے ہیں۔

## سوچھتا میں اعلی تعلیمی اداروں کی تعلیمی شمولیت۔



# چراغ سے چراغ جلاتے چلو

## سوچھ لیڈرشپ

' سوچھ کیمپس پہل ' تبھی کامیابی حاصل کر سکتی ہے جب ادارہ کے سربراہ تنظیم کے ہر فرد کو بشعور بنائیں۔ انھیں شعبہ جات کو ہدایت دینی چاہئیے، طلباء کی ٹیموں کے نتائج پر توجہ دیں،اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کی قیمتی تجاویز پر تمام طلباء، فیکلٹی ممبران نیز انتظامی، غیر تدریسی اور معاون عملہ کے ذریعہ حرف بہ حرف عمل کیا جائے عمل کیا جائے۔ایک حوصلہ افزا رہنما نظام میں ایک وسیع تبدیلی لاسکتا ہے اور اسی وجہ سے وہ اس مہم کا سنگ بنیاد ہے۔

اس پہل کی راہنمائی کرنے کے لئے ایک مشاورتی کمیٹی تشکیل دی جاسکتی ہے۔



# ہمیں یہ سب کیسے کرنا چاہئیے؟

## ڈین اور صدر شعبہ

1. نصاب میں متعلقہ مقامات پر صفائی اور تسلسل پیدا کرنے والے پہلوؤں کو شامل کریں۔ کیمپس کی صفائی کی ضرورت کے بارے میں بیداری لائیں اور صفائی کے لئے پرجوش کریں، جیسے کہ کیمپس سطح پر " ایکولمپکس " مقابلے۔
2. سالانہ رپورٹ کو کیمپس کے اسکول یا شعبے کے ممبروں، ملازمین، طلباء، سابق طلباء، فاؤنڈیشن ڈونر، کارپوریٹ ڈونر، سرکاری افسروں، ماحولیاتی رہنماؤں، کمیونٹی رہنماؤں اور بڑے پیمانے پر عوام کے ساتھ ساجھا کریں۔ ادارے کی ویب سائٹ پر بھی اس کو شائع کرنا چاہئیے۔
3. سالانہ مالی امداد کی ضروریات کو پورا کریں اور مقررہ افسروں کے منظوری کے ساتھ ادارہ کے اصولوں کے مطابق اعلی سرمایہ کاری کے اقدامات تجویز کریں۔

## وائس چانسلر، ڈائریکٹر اور پرنسپل

1. پائیدار اور حفظان صحت سے متعلق زندگی کی اہمیت کے بارے میں طلباء میں اعتماد پیدا کرنے کے لئے تعلیمی مشن کی تفصیل میں ایک سیکشن شامل کریں۔ یہ الفاظ "گریجویٹ ہونے کے بعد، طلبا، ایک پائیدار مستقبل کی سمت کام کرنے کے لئے علم، صلاحیتوں اور قدروں کے مالک ہوں گے"، یا اس طرح کی باتیں ہوسکتی ہیں۔
2. ایسے نصاب اور منصوبوں کی رہنمائی کے لئے ماہر فیکلٹی ممبروں اور ملازمین کی تقرری، اور خدمات حاصل کرنے کے لئے ضروری وسائل مہیا کریں۔
3. انسٹی ٹیوٹ کے اصول کے مطابق مالی سالانہ رقم کی ضروریات اور اعلی سرمایہ کاری کے اقدامات اعلی حکام کے ذریعہ کئے جائیں گے۔
4. تمام مستفیدوں کی ایک میٹنگ بلائیں اور ادارے کو ' سوچھ کیمپس ' بنانے کے لئے اس مہم سے ہونے والی ضروری کارکردگی اور اس کے نتائج کی وضاحت کریں۔ عملی منصوبہ کی وضاحت کرتے ہوئے، ہرایک مستفید کے کرداروں اور ذمہ داریوں کو بھی واضح کرنا ہوگا۔

**غیرتدریسی اسٹاف کے رجسٹرار / صدر**

تمام ملازمین کو 'سوچھ کیمپس' کے لئے کئے جانے والے اقدامات کی ایک فہرست دیں۔ تمام ملازمین کے لئے ایک اورئینٹیشن پروگرام منعقد کریں۔ تعین کریں کہ آؤٹ سورس ملازمین سمیت تمام ملازمیں سوچھ پہل میں تعاون دیں۔

**ڈین فیکلٹی :**

**متعلقہ فیکلٹی کو ضروری وسائل فراہم کریں :**

- سوچھ اور مستقل ترقی کے پہلوؤں اور ان کے موجودہ نصاب میں نقطہ نظر کو ضم کرنا۔
- فیکلٹی تربیتی پروگراموں کو تیار کریں اور جاری کریں
- سوچّھتا پر سیمنار منعقد کریں
- تدریسی طریق کار میں فیلڈ ورک اور کارکردگی کو شامل کریں۔

**طلبہ امور کے ڈین :**

- یونیورسٹی کے فرسٹ ٹرمرس کے لئے اورئینٹیشن پروگرام کو بنانے اور نافذ کرنے کے لئے کاؤنسلنگ ٹیم کے ساتھ کام کریں۔
- سوچھ کے لئے کیمپس کے لیے کن اصولوں پر عمل ضروری ہے-اس کو تفصیل سے بتائیں۔

**فیکلٹی ممبر (پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسسٹینٹ پروفیسر اور معاون فیکلٹی)**

" سوچھ فیکلٹی ' کے ساتھ-ساتھ این ایس ایس کنوینر کی پہل کی بھی حمایت کریں"

**این ایس ایس کنوینر یا ایک نامزد افسر**

1. تمام شعبہ جات کی سوچھ ٹیم کے سربراہ ہوں گے
2. ' سوچھ کیمپس پہل ' کے مجموعی پہلوؤں پر غور کریں گے
3. سوچھ پہل میں این ایس ایس ممبروں کو شامل کریں
4. کیمپس میں پندرہ روزہ سروے کریں
5. مہینے میں ایک بار اچانک معائنہ کریں
6. ' سوچھ کیمپس پہل ' کے ہموار جاری عمل کے لئے طلباء کو راغب کریں۔

**عمارت دیکھ بھال منتظمین**

آبی تحفظ، بے کار انتظام، توانائی تحفظ اور ہریالی جیسے صفائی کے پہلوؤں کو شامل کرنے کی ضرورت ہے۔

**ڈائننگ ہال/ کینٹین منتظمین**

- باورچی خانہ، فضول کھانا کا انتظام اور صفائی کو برقرار رکھنے کی ضرورت ہے

**ریسرچ ایسوسی ایٹ**

- اپنی تجربہ گاہ اور تحقیقی میدانوں میں مماحول دوست طرز عمل اور ٹکنالوجی سے متعارف کرواسکتے ہیں۔
- دیگر طلباء کو ان طرز عمل اور ٹکنالوجی کو اپنانے کے لئے پرجوش کریں۔

**کیمپس کے مقیم**

- اپنی رہائش گاہ میں بھی کیمپس کی پہل کو نافذ کریں۔

**تجارتی کمپنیاں**

- اپنی مصنوعات کو فروغ دینے کے لئے سوچھ برانڈنگ کی مہر لگا سکتے ہیں۔
- تربیت یافتہ طلباء کی تقرری میں تعاون کرکے صنعتوں کے سوچھ کارکردگی میں اصلاح کرسکتے ہیں۔

**غیرمنافع بخش تنظیم**

- مقامی سطح پر فعال، بامعنی این جی او کو بیداری مہم چلانے کے لئے مدعو کریں۔ بیرونی اداروں، خود مدد گروپوں، ملازمین اور کیمپس کے مقیم کو سوچھ طریق کار اپنانے کے لئے تیار کریں۔
- وہ صفائی، پانی کی ری سائکلنگ، آبی ذخیرہ، توانائی تحفظ اور مناسب درختوں کے ساتھ سبز احاطہ میں اپنے علاقے کا زمینی تجربہ لے کر آتے ہیں۔

## سوچھ فیکلٹی ممبر

1. طلباء کو کیمپس میں سوچھ مہم سے واقف کرانا۔
2. طلبہ کمیونٹی میں رضاکارانہ دلچسپی پیدا کریں۔
3. مہم کو مؤثر طریقے سے چلانے میں ان کی راہنمائی کریں۔
4. 'سوچھ اسٹوڈینٹ ٹیم' کے ذریعے انجام دیئے گئے کاموں کی نگرانی کرنا۔
5. طلبہ کے تخلیقی خیالات اور سفارشات کو کیمپس انتظامیہ کے سامنے رکھیں۔
6. 'سوچھ کیمپس پہل' کو نافذ کرنے میں انتظامیہ اور طلباء کے ساتھ کام کریں۔

**سوچھ اسٹوڈینٹس ٹیم**

1. کیمپس سروے میں نو پہلوؤں کی نشاندہی کی گئی / آڈٹ کروائیں۔
2. ان پہلوؤں پر کیمپس میں انجام دئے گئے باقاعدہ سرگرمیوں کے اثرات کا تجزیہ کریں۔
3. ایسی سرگرمیوں کے اختیارات کو منتخب کریں جس سے آس پاس کے ماحولیات کو کم سے کم نقصان ہو۔
4. سوچھ فیکلٹی کے تعاون سے، ان حلوں کو نامزد اتھارٹی کو پیش کریں۔
5. ان اختیارات کو نافذ کرنے کے لئے نامیزد اتھارٹی کو راضی کریں۔
6. ' پہل ' کرنے کی حمایت اور مخالفت-دونوں خیالات کو پیش کریں۔
7. ایسے طریقے تلاش کریں، جس میں وہ پیش کردہ اختیاری حل کو نافذ کر سکیں۔

**سوچھ تنظیم**

- گرین بلڈنگ کاؤنسل، میونسپل کارپوریشن، مقامی اکائی، مسائنس اور ماحولیاتی مرکز (سی ایس ای) اور توانائی، ماحولیات اور آبی (سی ای ای ڈبلیو) کونسل سے مدد / راہنمائی لی جا سکتی ہے۔
- ان کے ذریعے قدرتی وسائل کے تحفظ پر ورکشاپ یا کیمپ کا انعقاد کر سکتے ہیں۔

# دیگر اداروں اور ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری

کیمپس پوری طرح سے عملی اکائی ہے لیکن بند اکائی نہیں ہے۔ کیمپس کے خواب کو پورا کرنے کے لئے اس کو مضبوط اتحاد کی ضرورت ہے۔ کچھ اتحاد جو اس کوشش کی حمایت کرتے ہیں :

1. فنڈنگ ایجنسیاں : ریاست اور مرکزی انضباطی اور مالیاتی ایجنسیاں اور وزارت جیسے ترقی انسانی وسائل، آبی وسائل، صفائی، جنگلات اور ماحولیات اور ساتھ ہی اے آئی سی ٹی آئی۔
2. عطیہ دہندگان : سابق طلبہ، غیر سرکاری تنظیم، نجی ادارہ اور کارپوریٹ گھرانے۔
3. غیرمنافع بخش تنظیم : باہری تنظیمات اور خود امدادی گروپوں سے جڑنے کے لئے بیداری مہم۔
4. عوامی پالیسی گروپ اور تھنک ٹینک : گرین بلڈنگ کونسل، سائنس اور ماحولیاتی مرکز (سی ایس ای) اور توانائی، ماحولیات اور آبی (سی ای ای ڈبلیو) کونسل سے مدد / راہنمائی لی جا سکتی ہے۔
5. میڈیا اور بڑی ہستیاں : کیمپس کے مقیموں کو پرجوش کرنے کے لئے میڈیا اور مشہور ہستیوں کے ساتھ طویل مدتی تعاون۔
6. سرکار: کیمپس سے متعلقہ سرکاری اسکیموں سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے، جو انہیں سوچھ بھارت ابھیان کا حصہ بنا سکتا ہے۔



سوچّھتا کے لئے نیٹورکنگ




غیرمستقل رابطہ → مستقل رابطہ →

# سوچھ پالیسی کی تشکیل

کیمپس میں وسائل کے مستقل استعمال اور کچرے کے مناسب انتظام کے لئے عملی دستاویز بنانے میں مستفیدوں کو شامل کرنا چاہئیے۔ اس عمل میں شامل فیکلٹی طلبہ کی ٹیم سے ملنے والی تجاویز کی بنیاد پر تعاون کر سکتی ہے۔ دستاویز کو آخری شکل دینے کے بعد، کیمپس کے تمام باشندوں، ملازمین، نجی کاروباری اداروں اور طلباء کو پالیسی کے ہر ایک جزو پر عمل کرنے کے لئے مسلسل پرجوش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔




**منظور شدہ دستاویز میں کم سے کم درج ذیل چیزیں ہونی چاہئیے :**

a. **احفظان صحت اور صحت کی پالیسی:** صفائی کے انتظام اور نگرانی کے عمل کا ادارہ ہے۔
b. **آبی تحفظ کی پالیسی:** پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال، صاف کیا ہوا پانی کا دوبارہ استعمال، پانی کی بچت کے آلات اور پانی کی ری سائیکلنگ۔
c. **بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے کی پالیسی :** غیر محفوظ فرش اور بارش کے پانی کو جمع کرنے کا ڈھانچہ۔
d. **فضلہ کے انتظام کی پالیسی :** کچرا کم کرنے کا 5 آر (R) کا اصول، دوبارہ استعمال، ری سائکلنگ، نامنظور اور تخلیق نو کے ساتھ-ساتھ پیدا شدہ کچرا کی 10 % سے کم مقدار کو لینڈفل میں ڈالنا۔ کیمپس سے تمام پلاسٹک ڈسپوزیبل آئیٹم پر پابندی لگانا پہلا قدم ہے۔ کمپیوٹر اور الیکٹرانک آلات اور دیگر ای-کچرے سے نمٹنے کے لئے صفائی مہم سے سبق لینا چاہئیے۔
e. **توانائی تحفظ کی پالیسی :** شمسی توانائی کو اپنائیں اور ٹیکنالوجی اور انتظامی عمل کے ذریعہ توانائی کی کھپت کو کم کریں۔
f. **ہریالی کی پالیسی :** کیمپس میں کم سے کم 33 فیصد زمینی علاقے میں درختوں کی بحران زدہ اور غائب ہوتی نسلوں کو لگائیں۔
g. **طلبا کی سرگرمی کی پالیسی:** طلبا کے ثقافتی پروگراموں اور طلباء کی کسی بھی سرگرمی کے دوران صفائی کو برقرار رکھیں۔

# عملی منصوبہ

آب بارش ذخیرہ، ہرا کور اور مرکب یارڈ بنائے رکھنے کے لئے وسیع زمینی علاقہ ہوتا ہےیونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں میں عام طور پر وسیع و عریض رقبہ موجود ہے جس میں بارش کا پانی جمع کرنے، سبز احاطہ اور کھاد یارڈ کے لئے کافی گنجائش موجود ہے ۔ اس لئے، یونیورسٹیاں شہر کے پھیپھڑوں کی جگہ کے طور پر کام کر سکتی ہیں۔ یونیورسٹی انتظامیہ کو فیکلٹی ممبروں کے ساتھ ساتھ ان طلباء کی بھی شناخت کرنے کی ضرورت ہے جو ہر ایک عمارت میں صفائی رکھنے میں واقعی دلچسپی رکھتے ہوں۔ ٹیموں کی تشکیل کر کے ہر ایک ٹیم کو صفائی کے ایک پہلو کی دیکھ بھال کی ذمہ داری سونپی جا سکتی ہے، جیسے : صفائی، کچرا، پانی، توانائی اور ہریالی۔ ہر ایک ٹیم میں ایک فیکلٹی ممبر اور 5 سے 10 طلباء کی ضرورت ہوگی جو :




- کیمپس میں ہر ایک علاقے کی موجودہ صورت حال کا مطالعہ، نگرانی اور آڈٹ کریں
- اس مخصوص علاقے میں چیلنجوں کی شناخت کریں۔ صفائی اور ان کے کمیونٹی پر اثرات کی شناخت کریں۔ ان کے حل کی تلاش کے لئے طریقے یا اختیارات تیار کریں۔
- کیمپس انتظامیہ کو ایک رپورٹ پیش کریں اور اور کام شروع کرنے کے لئے ہر ہفتہ اس پر عمل کریں۔

## مرحلہ-1: طلبہ کا انتخاب

- لباء سے ذاتی طور پر بات چیت کریں اور درج ذیل علاقوں میں ان کی اہلیت کی نشاندہی کریں : حفظان صحت سے متعلق تحفظ ، ٹیم ورک ، کمیونٹی ذمہ داری ، بنیادی صفائی ، صحت اور حفظان صحت ، عام معلومات ، مقامی خبروں اور استحکام کی بنیاد پر تازہ معلومات۔

طلبا کو مندرجہ ذیل ذمہ داری دی جا سکتی ہے :

ٹیم میں کام کرنا، متعلقہ اہداف کے مطابق کام کرنا :

a. بیکار انتظام
b. صفائی اور حفظان صحت کے عمدہ طریقے
c. آبی تحفظ کے طریقے
d. کیمپس کی ہریالی
e. توانائی تحفظ

# سوچھ کیمپس

- سوچھ ٹیم کیمپس کے طبعی نقشہ پر کام کرتی ہے اور کیمپس کو آسان علاقوں میں تشکیل دیتی ہے
- طلباء کو پروگرام کا حصہ بننے کے لئے ان کی خواہش اور دلچسپی کی بنیاد پر منتخب کیا جانا چاہئے اور سوچھ ایکشن پلان کے مختلف پہلوؤں کی شناخت سے متعلق کام تفویض کیا جانا چاہئے۔
- شناخت اور واقفیت کے بعد ،طلباء کو دوستوں اور دیگر ہاسٹلز اور دیگر جگہوں پر جو مہم جوئی میں حصہ لینے کے 'خواہاں' ہیں ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔
- 'سوچھ فیکلٹی' سوچھ اسٹوڈینٹ ٹیم ' کی تشکیل کے لئے حوصلہ افزا اور پرجوش طلباء کا انتخاب کرے گی۔

## مرحلہ-2 : سوشل میڈیا پر فعال رہیں

- کیمپس کے مختلف محکموں سے تعلق رکھنے والے صاف ٹیموں کے ممبروں کے ساتھ مل کر سوشل میڈیا پلیٹ فارم بنائیں۔
- اس سے پروگرام میں شراکت داری بڑھے گی اور پروگرام کو صحیح طریقے سے چلانے میں مدد ملے گی۔ اس گروپ کے ذریعہ صرف متعلقہ امور پر ہی تبادلہ خیال کیا جانا چاہئے۔

## مرحلہ3: ' سوچھ اسٹوڈینٹ گروپ ' کی سمت بندی

- وچھ فیکلٹی کو صفائی، استحکام، طلباء کی توقعات اور ' سوچھ کیمپس پہل ' کے اقدامات کے عملی طریقوں پر روشنی ڈالنے کی ضرورت ہے ۔
- آپسی گروپ مباحثہ کے ساتھ ماہرین، غیر سرکاری تنظیمات اور دانشوروں کے ذریعے گیسٹ لیکچرز۔
- دیگر اداروں میں کامیاب سوچھ مہمات پر کیس اسٹڈی اور مختصر ڈاکومینٹری فلم۔
- سوچھ ٹیموں سے توقعات۔
- مڈ کورس میں اصلاحات اور اشتراک کے طریقوں کے لئے ماہانہ بحث۔
- تربیتی پروگراموں اور ورکشاپس کا انعقاد




## مرحلہ-4: کیمپس کی نقشہ بندی: سروے اور زمینی سچائی

- ' سوچھ طلبہ ٹیم' کسی بھی طرح کے اوورلیپ کو روکنے کے لئے کئی محکمہ جات کے لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرتی ہیں۔
- سوالنامے اور انٹرویو کے ساتھ ایک سروے کیا جانا چاہئے۔ ہر طلباء ٹیم کے ممبروں کو صفائی کے موجودہ مسائل اور طریقوں میں کیمپس کے کم سے کم 20 رہائشیوں اور ملازمین کو شامل کرنا چاہئے۔
- سوالنامے کو بھی احاطہ کرنے کی ضرورت ہے۔ : نقل وحمل، مرمت لائق سڑکیں، زندگی کا معیار، پانی، صفائی، بجلی کا استعمال، کچرا جمع کرنے کی موجودہ صورتحال، کیمپس میں سماجی تعلقات، بار بار آنے والے صحت کامسئلہ / وبائی امراض اور ان علاقوں کو جن پر خصوصی تحفظ کی توجہ کی ضرورت ہے شناخت کرنے کی ضرورت ہے۔صحیح معلومات حاصل کرنے کے لئے ایک معیاری سوال نامہ کا استعمال کرنا چاہئے۔

- کیمپس کو بہتر بنانے کے لئے مستفیدوں سے آئیڈیا، خیالات، اور مشوروں کے ساتھ ساتھ اس میں حصہ لینے کی ان کی خواہش کا بھی پتالگانا چاہئے ۔
- اس سروے سے سوچھ کیمپس پہل کے بارے میں شعور اجاگر کرنے اور کیمپس کے اندر اور اس سے باہر اس تصور کو مقبول عام بنانے کی ضرورت ہے۔
- کیمپس کا سروے کرنے والی سوچھ ٹیم کو موجودہ منظرنامہ کی گہری سے معلومات اور واضح سمجھ ہونی چاہئے۔ اس سے تجزیہ کرنے، تخلیقی اور عملی نظریات اور حل تلاش نے میں مدد ملتی ہے۔

## مرحلہ-5: فوری کاروائی کے لئے علاقوں کی شناخت کرنا

- سروے اور زمینی مطالعہ کے بعد، سوچھ طلبہ ٹیم کو اعداد و شمار جمع کر کے ان سے نتیجہ نکالنا چاہئے۔
- سروے کے نتائج کو تجزیہ کے لئے ایک آسان شکل میں مربوط کرنے کی ضرورت ہے۔
- جن علاقوں پر فوری توجہ کی ضرورت ہے ان کی فہرست دی جانی چاہئے۔
- اس فہرست کو کیمپس کے نقشے پر نشان زد اور ظاہر کرنا چاہئے۔
- سوچھ طلبہ ٹیم کی سطح پر سروے کے بعد، خیالات اور کیمپس کے منظرنامے کی جامع تفہیم کے لئے تمام شعبہ جات کی سوچھ ٹیم کا اجلاس منعقد کرنا چاہئے۔

## مرحلہ-6: مداخلت کا منصوبہ

- مرحلہ-5 کی بنیاد پر، کیمپس میں ٹھوس فضلہ، پانی، صفائی، توانائی اور ہریالی کے لئے منصوبہ بند مداخلتوں کی شناخت کریں۔
- آسان تناظر اور کیمپس میں کاروائی کے لئے ان کو نقشہ کے ساتھ شامل کریں۔
- جہاں بھی تخفیف یا تبدیلی ممکن ہے ، اس کے بارے میں واضح طور پر بتایا جانا چاہئے۔
- سوچھ فیکلٹی کو سروے کے نتائج ، منصوبہ بند مداخلت اور نامزد اتھارٹی سے درکار امداد کی ایک جامع رپورٹ روبرو میٹنگ میں پیش کرنی چاہئے۔
- رپورٹ اور مباحثے کی بنیاد پر، نامزد اتھارٹی فنڈز کی ضروریات، مناسب ضروریات (اضافی ملازمین کو کام پر رکھنے، نل اور فلش جیسے کچھ جوڑوں کو بدلنے سمیت)رپورٹ اور مباحثے کی بنیاد پر ، نامزد اتھارٹی فنڈز کی ضروریات ، لاجسٹک ضروریات (اضافی عملے کی خدمات حاصل کرنا ، کچھ فکسچر جیسے نلوں اور فلش کو تبدیل کرنا بھی شامل ہے) اور اس مہم کے لئے بیرونی امداد پر غور کرتی ہے۔
- اس بحث سے کیمپس کے افسروں کو سوچھ کیمپس کے لئے حکمت عملی تیار کرنے اور ملازمین کو روزانہ کی سرگرمیوں میں داخلی تبدیلیاں کرنے کی ہدایت دینے کا موقع ملے گا، (جیسے کاغذ کے استعمال کی پالیسی، ڈسپوزایبل اشیاء سے دوبارہ قابل استعمال اشیاء تیار کرنا)
- ہر سفارش کی عملی تفتیش کے بعد، نامزد اتھارٹی کیمپس میں کی جانے والی مناسب مداخلتوں کو منظوری دینے پر غور کرتی ہے۔

## مرحلہ-7: تعلیم اور بیداری




- اگرچہ کیمپس کے افسروں کے ذریعے مناسب انتظام کیا جا رہا ہے،لیکن کیمپس کے افسروں کی منظور شدہ مداخلتوں کی فہرست کی بنیاد پر، سوچھ ٹیم بیداری مہم شروع کرسکتی ہے۔
- سوچھ طلبہ ٹیم مناسب سائن بورڈ تیار کرسکتی ہے۔
- سوچھ ٹیم پورے کیمپس میں بیداری مہم چلا سکتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر سرکاری اکائی اور غیر سرکاری تنظیمات کے ساتھ مل کر مہم کو رفتار عطا کی جا سکتی ہے۔
- کیمپس کے افسروں کی منظوری کے بعد طلباء اور ملازمین کے جدید خیالات، کچھ انعامات، ریلیوں اور صفائی مہم کا اعلان کیا جا سکتا ہے۔

## مرحلہ-8 : ' سوچھ کیمپس ' کا نفاذ

- سوچھ کیمپس مہم کی بنیاد رکھنے کے بعد، مناسب (آلات اور عملہ) رکھنا ہے۔ کیمپس کے رہنماؤں کو کچھ لانے کی ضرورت ہے۔

  کیمپس میں ظاہری تبدیلیوں کے لئے مندرجہ ذیل کام شروع کریں :

  1. صفائی
  2. بیکار انتظام
  3. آبی انتظام
  4. توانائی تحفظ
  5. ہریالی

## مرحلہ-9: رکارڈ رکھنا اور نگرانی(Supervision)

صفائی، بیکار انتظام، آبی انتظام، توانائی انتظام اور ہریالی انتظام کے آڈٹ کے لئے ایک کمیٹی کی تشکیل کریں۔ اس کمیٹی میں ملازم، فیکلٹی اور طلبہ ٹیم شامل ہوں گے۔

**یونیورسٹی / اعلیٰ تعلیمی ادارہ :**
**سوچھ مہم کے باہری ممبر:**
**سوچھ ٹیم لیڈر:**

| سوچھ کور ٹیم : |
|---|
| .1 |
| .2 |
| .3 |
| .4 |
| .5 |
| .6 |

| سوچھ فیکلٹی : |
|---|
| .1 |
| .2 |
| .3 |
| .4 |
| .5 |
| .6 |

| سوچھ انتظامی اسٹاف: |
| --- |
| .1 |
| .2 |
| .3 |
| .4 |
| .5 |
| .6 |

| سوچھ طلبہ ٹیم: |
| --- |
| .1 |
| .2 |
| .3 |
| .4 |
| .5 |
| .6 |

**مرحلہ-10 : تجزیہ اور عملی منصوبہ**

آڈٹ دستاویزات، عملی منصوبہ اور تشخیصی دستاویزات، فیڈ بیک اور تجزیاتی دستاویزات نفاذ کے ترجیحی علاقوں پر توجہ مرکوز کرنے میں سوچھ ٹیم کی مدد کرتے ہیں۔ وہ اس ٹیم پر ذمہ داری بھی طے کرتے ہیں جو دشوار کن علاقوں میں ایک معیّنہ مدت کے اندر کام کو پورا کرنے کے لئے کام کر رہی ہے۔ یہ ہارڈ کاپی، الیکٹرانک فارمیٹ یا ادارے کی سہولت کے مطابق دونوں ہو سکتے ہیں۔ آگے کی سہولت کے لئے معیاری فارمیٹس کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔

سوچھ ٹیم ٹیم نگرانی ، رپورٹنگ ، مقدار کو درست کرنے ، تعمیل کا مشاہدہ کرنے کے ساتھ ساتھ نئے اصول کی تعمیل میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ٹیم کے نتائج کو شعبے کے اندر اور بین شعبہ جاتی اجلاس کے دوران پیش کرن کے ساتھ ساتھ تجزیہ میں بھی شامل کیا جائے گا۔

| ہر دشوارکن علاقے کے لئے ایک عملی منصوبہ تیار کریں اوراس کی تکمیل کی تشخیص کریں۔ | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سیریل نمبر | دشوارکن علاقہ | آڈٹ سے ترجیح کی بنیاد پر بیان کیے جانے والے اہم چیلنجیز / نتیجہ۔ | کاروائی کی جائے | کاروائی کی شروعاتی تاریخ | کاروائی کی آخری تاریخ | جوابدہی | آخری تاریخ پر کیفیت (مکمّل / مکمّل نہیں) | منصوبہ سے تجاوز کی وجہ سے (اگر کوئی ہو) اوراگلا منصوبہ۔ | طے کیا گیا |
| .1 | صفائی انتظام ۔ | | | | | | | | |
| .2 | بیکار انتظام ۔ | | | | | | | | |
| .3 | آبی انتظام۔ | | | | | | | | |
| .4 | کیمپس میں ہریالی۔ | | | | | | | | |
| .5 | توانائی انتظام ۔ | | | | | | | | |

## طلباء کی شراکت داری

یہ فطری ہے کہ سوچھ کیمپس پہل میں حصہ لینے والے طلبہ اپنے باقاعدہ مطالعے کے دوران اس منصوبہ پر کام کریں گے۔ سوچ اجلاس کے ممبرباری کے مطابق اجلاس میں ہوں گے۔ اس پہل میں ان کے ذریعے لگائے گئے وقت اور کوشش کو پہچاننے کے لئے، یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ صفائی کو ایک اختیاری موضوع مانا جا سکتا ہے۔ کیمپس سربراہ اس نصاب کے لئے کریڈٹ انتظام پر فیصلہ لے سکتے ہیں۔

طلباء کو کیمپس اجلاس کے تمام اجلاس میں حصہ لینا چاہئیے اور ایک الگ دستاویزی حساب و کتاب رکھنا چاہئیے، جس میں وہ تمام واقعات، جیسے سروے تفصیلات، نتیجوں، منصوبوں، کاموں اور تبصروں کی وضاحت کریں گے۔ اس دستاویزی حساب و کتاب کو ہرایک ہفتہ تجزیہ کے لئے متعلقہ سوچھ فیکلٹی میں جمع کرنا ہوگا۔ ہرایک اجلاس (محکمے کے اندراوربین شعبہ جاتی) میں موجودگی کو نشان زد کیا جائے گا۔ سوچھ فیکلٹی کی نگرانی کی بنیاد پر ترقیاتی تفصیل اور مسلسل تشخیص کے ساتھ سیمینارپیش کش بھی کیا جا سکتا ہے۔

## مرحلہ-11: طلبہ سوچھ مرکز

1. ۔سوچھ اجلاس کا ماہانہ اجلاس اور تربیتی پروگراموں کے انعقاد کے لئے یونیورسٹی ان عمارتوں میں سے ایک میں مقام متعین کر سکتا ہے۔
2. سوچھ مرکز کے لئے طلبہ کمیٹی اور این ایس ایس کا تعاون حاصل کیا جا سکتا ہے۔
3. اس بیچ، کیمپس اس مقام کی توسیع مکمل طور پر طلبہ ماحول مرکز یا سوچھ مرکز میں کر سکتا ہے، جس کو سبز عمارت ہدایات اور صفائی کی ضروریات اور توقعات کو دھیان میں رکھ کر تشکیل کیا گیا ہو۔
4. یونیورسٹی سوچھ مرکز کے انتظام کے لئے کل وقتی ملازمین کی تقرری کر سکتا ہے یا سینیئر طلباء کو وہاں زیر تربیت بننے کی اجازت دے سکتا ہے۔ یہ بار بار تربیت 3-6 مہینے کے لئے ہو سکتا ہے۔
5. سوچھ مرکز بیکار سے بہتر بنانے، رضاکار منصوبوں، ہفتہ وار یا ماہانہ اجلاس، سامانوں کی ادلا بدلی کے لئے بازار اور صفائی سے متعلق قومی اور بین الاقوامی دنوں کے مشاہدہ کرنے کا مرکز ہو سکتا ہے۔

## مرحلہ-12: رپورٹ کرنا (Reporting)

تجزیے کی نتیجہ رپورٹ کرنے لائق جانکاری کے کئی مشتمل پہلوؤں کو ظاہر کریں گے۔ رپورٹ میں صرف حقیقی اور خارجی جانکاری کو شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ کچھ فوٹو بھی منسلک کئے جا سکتے ہیں۔

اندرونی اور باہری دونوں رپورٹ ضروری ہیں۔ اندرونی رپورٹ سے جوابدہی اور ملکیت کا تاثر پرجوش ہوتا ہے۔ یہ اپنے نتیجوں کو خلاصہ کرنے اور سابقہ طے شدہ معیاری اصول کے خلاف تشخیص کے نتیجہ کے مظاہرہ پر مجموعی اطلاع فراہم کرتا ہے۔ سوچھ کیمپس پہل پر اندرونی رپورٹوں کو انٹرنیٹ اور ادارہ۔جاتی پیپر اور رسالوں کے ذریعے کیمپس کے اندر نشر کیا جانا چاہئیے۔

رپورٹ کے چھوٹے حصوں کو بھی نوٹس بورڈوں پر نمائش کیا جانا چاہئیے، ان کی ہر ایک ہفتہ تجدید کاری کرنی چاہئیے۔ پوری رپورٹ کو آن لائن پڑھنے کے لئے ویب لنک کا ذکر کریں اور طلباء کو پوری رپورٹ پڑھنے کے لئے پرجوش کریں۔

باہری رپورٹنگ کیمپس کے باہر کے ساجھےدار کو زیر ہدف ہوتی ہے۔ باہری رپورٹ درست، مقامی اور اعلیٰ معیار والی ہونی چاہئیے جو پوری شفافیت کے ساتھ سوچھ کیمپس پہل کی تاثیر کا تجزیہ کرنے میں مدد کرے گی۔ ان کو ادارہ کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب کرایا جانا چاہئیے۔ رپورٹ کی دستیابی کی وسیع تشہیر ہونی چاہئیے۔

## مرحلہ-13 : فیڈبیک اور تجزیہ(Feedback and Review)

ایک بار رپورٹ شائع ہونے کے بعد، اس کے کیمپس کے اندر اور باہر کے لوگوں کے ذریعے تجزیہ کیا جائے گا۔ اس کا نتیجہ قاریوں سے فیڈبیک ملنا چاہئیے۔ فیڈبیک تعریف،سوچھ کیمپس پہل کی تکمیل کو ترقی یافتہ کرنے کے لیے نئے خیالات وغیرہ کے طور پر مثبت ہو سکتا ہے۔ فیڈبیک کچھ منصوبوں اور کام نظاموں کی تنقید بھی کر سکتی ہے۔ ایس ایس ٹی کو تنقیدی کمیوں کو پہچاننے اور ان مدعوں پر قابو پانے کے لئے اختیاری رد عمل کو حاصل کرنے کی حقیقت کو جاننے کے طور پر دیکھنا چاہئیے۔ فیڈبیک طلبہ ، ملازمین اور اجلاس کے مظاہرے کی تشخیص کرنے کا ایک ہتھیار بھی ہے۔

فیڈ بیک سے یونیورسٹی کے مستقبل کی کارروائی کی راہنمائی بھی ہو سکتی ہے۔ فیڈبیک ایک مناسب خاکے میں حاصل ہو یہ اہم ہے۔ اس لئے، ویب سائٹ پر اور اصل رپورٹوں کے آخر میں مناسب طریقے سے خاکہ شدہ فیڈبیک فارم بنائیں۔ فیڈبیک فارم میں لکھنے کے لئے کافی خالی مقام ہونا چاہئیے۔ سوال طے شدہ ہدفوں کے ساتھ، واضح ہونا چاہئیے۔

## مرحلہ-14: پروگرام کو بہترین بنانا

فیڈبیک تنظیم کو سفارشوں کو اپنانے، منصوبہ اور تکمیل کے علم کو ترقی دینے میں مدد کرتا ہے۔ سوچھ اجلاس کیمپس میں مشہور افسروں کو ضرورتاً ترمیم کرنے کے سلسلے میں مشورہ دے سکتی ہے۔ نتیجوں اور مشوروں کی آخری شکل لائق اتھارٹی کے ذریعے منظوری کے بعد ہی نافذ کیا جائے گا۔

## مرحلہ-15: صفائی پالیسی میں ترمیم کرنا

سوچھ کیمپس پہل سے پہلے سال کی تعلیم کی بنیاد پر، ایک پالیسی ساز دستاویز تیار کیا جا سکتا ہے، جو کیمپس میں وسائل کے مسلسل استعمال اور صفائی، پانی، توانائی، ہریالی اور فضلہ کے انتظام کے لئے جواب دہ ہو۔ سوچھ طلبہ اجلاس کی سرمایہ کاری سے سوچھ فیکلٹی اس عمل میں تعاون کر سکتا ہے۔

## مرحلہ-16: پیش کش / کامیابیوں کا جشن

مظاہرہ تجزیہ اور زمرہ :

| سیریل نمبر | معیار | زیادہ سے زیادہ نمبر | نمبر حاصل کیا |
|---|---|---|---|
| .1 | صفائی اور حفظان صحت | | |
| .2 | فضلہ انتظام | | |
| .3 | آبی انتظام | | |
| .4 | کیمپس میں ہریالی | | |
| .5 | توانائی تحفظ | | |
| | کل | | |

## مرحلہ-17: بہترین فنکاروں کی شناخت کریں اوران کوانعام سے نوازیں

کیمپس میں کسی بھی نظام کے آغاز ہونے کے بعد دکھائی دینے والے، پہچاننے لائق تبدیلی میں کچھ وقت لگتا ہے۔ آخرکاریہ رکاوٹ اور اطمینان میں تبدیل ہوتا ہے۔ ایک بار جب ایک سال کے لئے کیمپس میں سوچھ کیمپس پروگرام کامیابی سے چلایا گیا ہے، تو اچھے کام کے لئے مرحلہ-8 سے شروع کرکے انعام کے لئے نام سجھائے جا سکتے ہیں۔ سرفراز کیے گئے شخص صفائی ملازمین، رکھ رکھاؤ ملازمین، صفائی شعبہ، سب سے وقف سوچھ فیکلٹی اور سنجیدگی کے ساتھ شامل طلبہ ممبروں یا سوچھ طلبہ اجلاس اور سب سے نئے خیال فراہم کنندگان میں سے ہونے چاہئیے۔

ان کوششوں کو باعزت بنانے کے لئے ایک رسمی تقریب منعقد کی جا سکتی ہے۔ مختلف شعبوں کے میڈیا اور معاہدہ ساجھےدار کو مدعو کرنے اور ان کے تعاون کے لئے شکریہ ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد، صفائی فیکلٹی اور نامزد افسر کو مقامی ٹی وی چینلوں اور کیمپس کی نشریات پر مختصر فلموں اور ڈاکومینٹری فلم جیسے مختلف میڈیا کے ذریعے اپنی کامیابی کی کہانی کو دکھانے کا راستہ کھوجنے کی ضرورت ہے۔

## مرحلہ-18: تجزیہ کریں اوراصلاح کریں (Review and Improve)

ہر تعلیمی سیشن میں طلبہ یونیورسٹی میں داخلہ لیتے ہیں۔ نئے داخلہ لینے والوں کو شامل کرنے کے لئے اس عمل کو مرحلہ 1 سے نئے سرے سے شروع کرنے کی ضرورت ہے۔ بنیادی سطح پر ہونے والی کارروائی سے پہچان لائق مسئلہ والے علاقے ہرسال کم ہو سکتے ہیں۔ سوچھ کیمپس پہل کو چلانے کے تمام عملی پہلوؤں میں شامل ہوکر اب بھی طلبہ سبق سیکھیں گے۔

# عوامی رابطہ

جیسے جیسے معیّنہ مدت میں سوچھ کیمپس کارجوئی میں ترقی ہورہی ہے اس کا امکان ہے کہ کئی باہری لوگ کیمپس کا دورہ کریں گے۔ وہ اس کو سمجھتے ہیں اور اپنے اپنے علاقوں میں اسی ماڈل کو اپنانے کی حمایت اور تعاون کرتے ہیں۔ اس کے لئے، کیمپس کے لئے ایک زائرین مرکز اور امدادی ٹیم کی ضرورت ہے، جس سے وہ ایک رہنما سیاحت کو جاری کریں اور زائرین کو ضروری معلومات دے سکیں۔

# صفائی اور صحت

ہرایک کیمپس کو بنیادی سہولیات کے کچھ حقوق ہیں تو کچھ فرائض ہیں جیسے سوچھ اور مفید بیت الخلا، محفوظ پینے کا پانی، صاف ماحولیات اور صفائی اور صحت پر کچھ بنیادی معلومات ۔ اس سے ایک صحت مند ماحول کی تعمیر ہوتی ہے، جو انسان وقار، حفاظت، صحت اور مجموعی فائدے کو متعین کرتا ہے۔ قابل اور مضبوط عامل کے ذریعے حمایت یافتہ صفائی مشق کے بارے میں بیداری بڑھنے سے کیمپس میں غیر پسندیدہ تبدیلی ہو سکتی ہیں۔ اس میں صفائی اور صحت تعلیم کی آمیزش اور کیمپس کمیونٹیز کو شامل کرنے والے پہلوؤں کی عملی تکمیل کی اہمیت پر زور دیا گیا ہے۔

نظرانداز اور بیکار غیر صحت بخش ماحول کی وجہ بنتے ہیں، جس سے متعدی اور سنگین بیماریاں ہوتی ہیں۔ ایسے کیمپس میں محفوظ اور صاف ماحولیات کی امید کس طرح کی جا سکتی ہے۔

صفائی اور صحت کے بنیادی اصولوں میں مختلف قسم کی ضروریات کے مطابق دستیاب بنیادی ڈھانچہ ضروری ہے اور مخصوص نقطہ نظر اور صفائی انتظام نظاموں کا عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ تمام کیمپس گروپوں کے درمیان یکساں شراکت داری اور تعاون کے ساتھ-ساتھ مستعمل طریقہ کار کا ہدف طویل مدتی فائدہ ہونا چاہئیے۔

- کیمپس میں تکنیکی اختیارات (ایکوسن، گڑھے والے بیت الخلا، غسل کے ساتھ بیت الخلا) کو بڑھاوا دینے کی ضرورت ہے۔
- تحریک کے اندر سے ہی ہو قیادت ترقی
- کیمپس میں سرگرمیوں کو متاثر کرنے اور قیادت (مقامی، دیہی اور شہری اکائی، پانی اور صفائی کمیٹیوں اور سرگرم کارکنان) ترقی یافتہ کرنے اور سرگرمیوں کا انتظام اور ان میں تبدیلی لانے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- کیمپس کو گاؤں اور شہری علاقوں کے کمیونٹیز کے ساتھ جڑنے کی ضرورت ہے، تاکہ وہ مقامی سطح کی واش مائکرو منصوبوں کو ترقی یافتہ اور نافذ کر سکیں
- - کل ملا کر، صفائی اور صحت تجویز میں ذیل کی باتوں کو شامل کرنے کی ضرورت ہے :

1. طبعی شکل اور مکمل ماحول
2. بیت الخلا کی متناسب دستیابی (طالب علم / بیت الخلا کا تناسب)
3. بیت الخلا میں جنسی توازن (مرد : خواتین) خود-تصدیق شدہ
4. اپاہج-موافق بیت الخلا
5. پانی کے نل اور صفائی سے متعلق نل سازی، متناسب دستیابی اور اہلیت
6. آبی موثر بیت الخلا
7. صفائی کے رکھ رکھاؤ کے لئے وقف ملازم
8. صفائی جائزے کے لئے وقف ملازم
9. باورچی خانہ ملازم کا لباس اور صفائی
10. صاف ستھرا کینٹین
11. باورچی خانہ کی صفائی
12. چاقو-کانٹے، چینی مٹی کے برتن اور دیگر برتن کی صفائی
13. ڈائننگ ہال کی صفائی
14. صفائی اوزار اور قابل استعمال چیزیں

# بیکار انتظام




کیمپس کے کوڑے کی علاحدگی پر ایک تفصیلی مطالعہ کرنے کے بعد سوچھ طلبہ ٹیم مستفیدوں کے ساتھ یہ بحث کر سکتی ہے کہ ان کے کیمپس میں کچرے کو کیسی درجہ بندی کی جائے۔ وہ پرانے اخباروں، بیٹریوں اور بوتلوں کو کافی مقدار میں جمع ہونے تک الگ رکھ سکتے ہیں۔ متوسط اور تیسری علیحدگی کے دوران بیکار مادہ اکٹھا کرنے والے اور الگ الگ چھانٹنے والوں پر بوجھ کو کم کرنے کے لئے بعد میں ان چیزوں کو ایک وقفہ (جیسے 3 مہینے میں ایک بار) میں بیکار ذخیرہ ٹیم کو دے دیں۔

## بیکار انتظام منصوبہ

1. کھاد تیار کرنے کا ڈھانچہ
2. اگر کسی قسم کا بایومیڈکل بیکار ہو تو اس کو آلودگی کنٹرول بورڈ کے ذریعے متعینہ عملوں کے مطابق بایومیڈکل بیکار عمل اور تصفیہ وغیرہ کے لئے محفوظ طریقے سے اور درست طریقے سے بھیجا جانا چاہئیے۔
3. گیلے کچرے کے لئے بایو-میتھین کارخانہ۔
4. خطرناک سوکھے / بیکار مادوں کے لئے ایک بھٹی قائم کریں۔
5. کیمپس میں گندگی سے بچاؤ کے لئے سخت اصولوں کو نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔
6. پورے کیمپس کو 'نو پلاسٹک زون' اعلان کریں۔
7. کیمپس میں کئی مقامات پر پائیدار اور دوبارہ لائق استعمال کپ کے ساتھ پانی کے ڈسپینسر کو قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ (کیمپس میں بوتل بند پانی کے ساتھ-ساتھ ٹھنڈا مشروب اور پلاسٹک بوتل میں پانی کے فروخت مرکز پر پابندی لگانے کی ضرورت ہے۔)
8. کیمپس میں تمام کھانے کے مراکز میں میز پر کھانے کے دوبارہ لائق استعمال برتن اور ماحول کے موافق پارسل کو نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔
9. کیمپس میں زمین کا ایک چھوٹا سا حصہ چار الگ الگ بے کار عملی اکائیوں کو قائم کرنے کے لئے متعین کیا جانا چاہئیے: ایک حیاتیاتی کچرے (بایوگیس پلانٹ / کھاد) کے لئے، سوکھے کچرے کے متوسط اور تیسری علاحدگی کے لئے، اور ایک ٹکڑے ٹکڑے کرنے اور پھر جلا دینے کے لئے اور چوتھا قابل بدلاؤ بیکار، چھوٹے پتھروں کی تعمیر اور بیکار باقیات کو نگر پالیکا کے لینڈفل اور ای-کچرے کے لئے ذخیرہ کرنے کے لئے ہو، جس کو مبینہ طریقے سے کیمپس سے نکالے جانے کی ضرورت ہے۔
10. ای-کچرے کو آلودگی قابو بورڈ کے ذریعے باضابطہ مستند نامی ٹھیکے دار کے پاس جمع کیا جانا ہے۔ کمپیوٹر، مانٹر، اسکینر عطیہ کئے جا سکتے ہیں۔
11. کاغذ کے پرچے اور فلیکس بینر سے بچیں۔ اس کے بجائے، پرانے کپڑے کے بینر اور نوٹس بورڈ کا استعمال کریں۔
12. دیگر جانداروں کے مفاد کے لئے گیلے کچرے کے اس کے ذرائع پر ہی علاج کیا جا سکتا ہے۔ باورچی خانہ اور کینٹین سے گیلا کچرا ایک مقام پر جمع کیا جانا چاہئیے تاکہ پرندہ، گائے، کتّا، بکری اور چھوٹے جانور اس کو کھا سکیں۔ اگر پرانا کھانا بڑی مقدار میں ہے اور خراب نہیں ہوا ہے، تو اس کو کیمپس میں 'فوڈ بینک' نظام کے ذریعے ضرورت مندوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔
